پریس ریلیز

گوجرانوالہ چیمبر میں میڈ اِن گوجرانوالہ ایکسپو 2027 کے انتظامات پر اہم اجلاس، تاریخوں کا حتمی اعلان

ایکسپو 22 سے 24 جنوری 2027 تک لاہور ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگی، گوجرانوالہ کے صنعتی شعبوں کی بھرپور نمائندگی اور عالمی منڈیوں تک رسائی یقینی بنانے کا عزم

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) میں "میڈ اِن گوجرانوالہ ایکسپو 2027" کے انتظامات اور حکمتِ عملی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایکسپو کے انعقاد کے لیے 22، 23 اور 24 جنوری 2027 کی تاریخیں حتمی کر دی گئیں۔ یہ تین روزہ شاندار نمائش لاہور ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگی۔

اجلاس میں سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق چیئرمین جی ڈی اے شیخ عامر رحمان، سابق صدر عاصم انیس، سابق سینئر نائب صدور آفاق ایوب اور سعد جمیل عرفانی، سابق نائب صدر اظہر اسلم اور ایگزیکٹو کمیٹی کے معزز اراکین نے شرکت کی۔

اجلاس کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ میڈ اِن گوجرانوالہ ایکسپو 2027 میں شہر کے زیادہ سے زیادہ صنعتی شعبوں کو بھرپور انداز میں شامل کیا جائے گا تاکہ گوجرانوالہ کی صنعتی صلاحیت، مصنوعات کے اعلیٰ معیار اور کاروباری استعداد کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا جا سکے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ نمائش میں حصہ لینے والے صنعت کاروں اور ایگزیبیٹرز کو عالمی معیار کا ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کیا جائے گا، جہاں وہ اپنی مصنوعات کو بہترین انداز میں متعارف کروا سکیں گے۔

اجلاس میں گوجرانوالہ کی مصنوعات کو ملکی و بین الاقوامی منڈیوں تک پہنچانے، نئے تجارتی و کاروباری روابط قائم کرنے، برآمدات میں خاطر خواہ اضافے اور مقامی صنعت کے لیے نئے تجارتی مواقع پیدا کرنے کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ایکسپو میں زیادہ سے زیادہ متنوع مصنوعات کی نمائش کو یقینی بنا کر گوجرانوالہ کی صنعتی شناخت کو مزید مستحکم بنایا جائے گا۔ "میڈ اِن گوجرانوالہ ایکسپو 2027" شہر کی صنعتی ترقی، کاروباری وسعت اور مقامی مصنوعات کو عالمی منڈیوں سے جوڑنے کے لیے ایک سنگِ میل ثابت ہوگی۔

PRESS RELEASE

Crucial Meeting Held at Gujranwala Chamber on Arrangements for "Made in Gujranwala Expo 2027"; Dates Formally Announced

Expo to Be Held from January 22 to 24, 2027, at Lahore Expo Center; Firm Commitment to Ensure Robust Representation of Gujranwala's Industrial Sectors and Access to Global Markets

GUJRANWALA: An important consultative meeting was convened at the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) to deliberate on the operational framework and strategic arrangements for "Made in Gujranwala Expo 2027," during which January 22, 23, and 24, 2027, were finalized as the official dates for the mega event. The three-day exhibition will take place at the Lahore Expo Center.

The meeting was attended by Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, former Chairman GDA Sheikh Amir Rehman, former President Asim Anees, former Senior Vice Presidents Afaq Ayub and Saad Jamil Irfani, former Vice President Azhar Aslam, and esteemed members of the Executive Committee.

It was decided during the session that Made in Gujranwala Expo 2027 will feature maximum participation from diverse local industrial sectors, aiming to prominently project Gujranwala's manufacturing potential, product quality, and commercial capacity on national and international forums. Participants expressed a firm resolve to equip participating industrialists and exhibitors with a world-class platform enabling them to effectively showcase their products.

The session also conducted an in-depth review of avenues for expanding Gujranwala's footprint in domestic and global markets, forging new commercial linkages, boosting exports, and unlocking lucrative trade opportunities for local manufacturers. The attendees concurred that ensuring extensive product diversification at the expo will further reinforce Gujranwala's industrial identity. "Made in Gujranwala Expo 2027" is poised to serve as a pivotal milestone for driving industrial growth, commercial expansion, and integrating local manufacturing enterprises with international trade networks.